سوال

(164)رکوع میں ملنے سے رکعت کا ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیاامام کے ساتھ رکوع میں ملنے سے رکعت ہوجاتی ہے؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص رکوع میں مل جائے اور سورہ فاتحہ نہ پڑھ سکے تو اس کی وہ رکعت نہیں ہوتی کیونکہ صحیح حدیث سے ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جہری نماز کے مقتدیوں کو فرمایا: (لا تفعلواالا بام القرآن فانہ لا صلوة لمن لم یقرابہا)

تم سورہ فاتحہ کے علاوہ اورکچھ نہ پڑھو، کیونکہ یقینا جو شخص سورہ فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی۔ (کتاب القرات للبیہقی ص64 ح121 وقال: ھذااسناد صحیح)

تفصیل کےلیے دیکھئے ماہنامہ شہادت (ج6 شمارہ 11 نومبر 1999ء ص33)(شہادت جنوری 2000ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاۃ۔صفحہ373

محدث فتویٰ